# غیبت کرنے والے کی نیکیاں اسے دے دی جائیں گی جس کی غیبت کی گئی، حدیث سے ثبوت

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

کیا ایسی کوئی حدیث ہے کہ اگر کسی نے دوسرے کی غیبت کی تو اس کی نیکیاں اس شخص کو دے دی جائیں گی، جس کی اس نے غیبت کی ہے؟

## جواب

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

جی ہاں! حدیث مبارکہ میں حضور سید عالم، نور مجسم شاہ عالم و بنی آدم صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ سلم نے فرمایا: بندے کو قیامت کے دن جب اس کا اعمال نامہ دیا جائے گا تو وہ اس میں ایسی نیکیاں بھی دیکھے گا جو اس نے کبھی نہ کی تھیں، وہ عرض کرے گا: یارب عزوجل! یہ کہاں سے آئیں؟ اللہ عزوجل فرمائے گا: تیری بے خبری میں لوگوں نے تیری غیبت کی، یہ نیکیاں ان کے غیبت کرنے کی وجہ سے تجھے ملی ہیں۔

کنزالعمال میں حدیث مبارکہ ہے

”إن العبد ليلقى كتابه يوم القيامة منشورا، فينظر فيه فيرى حسنات لم يعملها، فيقول: يارب أنى هذا لي ولم أعملها؟ فيقال: هذا ما اغتابك الناس وأنت لا تشعر“ ترجمہ اوپر بیان کیا جاچکا ہے۔ (کنزالعمال، جلد3، صفحہ590، حدیث: 8046، مؤسسۃ الرسالۃ، بیروت)

وَاللّٰہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا محمد ابو بکر عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-4426

تاریخ اجراء: 18جمادی الاولی 1447ھ/10نومبر2025ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com
darulIftaahlesunnat
DarulIftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net